سبق – 16

4310CH16

دِوالی

ہر اک مکاں میں جلا پھر دِیا دِوالی کا
ہر اک طرف کو اُجالا ہُوا دِوالی کا
سبھی کے دِل میں سماں بھا گیا دِوالی کا
کسی کے دِل کو مزا خوش لگا دِوالی کا
عجب بَہار کا ہے دِن بَنا دِوالی کا

جہاں میں یارو عجب طرح کا ہے یہ تیوہار
کسی نے نقد لیا اور کوئی کرے ہے اُدھار
کِھلونے کھیلوں بتاسوں کا گرم ہے بازار
ہر اک دُکاں میں چراغوں کی ہو رہی ہے بَہار
سبھوں کو فکر ہے اب جا بجا دِوالی کا

مِٹھائیوں کی دُکانیں لگا کے حلوائی پُکارتے ہیں کہ لالہ دِوالی ہے آئی
بتاسے لے کوئی برفی کسی نے تُلوائی کھلونے والوں کی اُن سے زیادہ بن آئی
گویا انھوں کے واں راج آگیا دِوالی کا

(نظؔیر اکبرآبادی)

© NCERT not to be republished

1. لفظ اور معنی

دِیا : مٹّی کا چراغ

جہاں : دُنیا

سماں : منظر

خوش لگنا	:	اچھا لگنا
بَن آنا	:	قسمت کُھلنا، خواہش پوری ہونا
بازار گرم ہونا	:	مال کا خوب بِکنا، رونق، چہل پہل
جابجا	:	جگہ جگہ
بھا گیا	:	اچّھا لگا، پسند آیا
نقد	:	پیسہ، پیسے کی شکل میں فوراً ادا کی گئی رقم
واں	:	وہاں

2. غور کیجیے

- 'دیوالی' کو 'دِوالی' بھی کہتے ہیں۔ لیکن آج کل 'دیوالی' ہی زیادہ مقبول ہے۔ پڑھنے میں البتہ 'دِوالی' ہی آتا ہے۔
- 'بتاسا' اسے بتاشا اور بتاشہ بھی لکھتے ہیں۔ 'تیوہار' اسے تہوار بھی لکھتے اور بولتے ہیں۔
- دیوالی چراغوں اور رَوشنیوں کا تہوار ہے۔ اس موقعے پر لوگ ایک دوسرے کو تحفے اور مٹھائیاں دیتے ہیں۔ پٹاخوں اور آتش بازی کا بھی انتظام ہوتا ہے۔ لوگ خوشیاں مناتے ہیں۔ یہ تہوار محبّت اور دوستی کا پیغام دیتا ہے۔

3. سوچیے، بتایئے اور لکھیے

(الف) دیوالی کے موقعے پر بازار میں کیا کیا خاص چیزیں نظر آتی ہیں؟

(ب) دیوالی کے تہوار کی کیا خوبیاں ہیں؟

(ج) دیوالی پر دِیوں کے علاوہ اور کون سی چیزیں جلائی جاتی ہیں؟

© NCERT not to be republished

4. اِن الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریے

اُجالا　　چراغوں　　دُکانیں　　نقد

(الف) ہر اک طرف کو .... ہُوا دِوالی کا

(ب) کسی نے .... لیا اور کوئی کرے ہے اُدھار

(ج) ہر اک دُکاں میں .... کی ہورہی ہے بہار

(د) مٹھا ئیو ں کی .... لگا کے حلوائی

5. خانوں میں دیے ہوئے 'واحد' کی جمع اور 'جمع' کے واحد لکھیے

واحد	دِل	....	حلوائی	....	تہوار	....	کِھلونا	....
جمع	....	دُکانوں	....	چراغوں	....	تماشوں	....	بہاروں

6. اِن مصرعوں میں الفاظ کی ترتیب کو درست کر کے خالی جگہوں میں لکھیے

(الف) اُن سے بن آئی زیادہ کھلونے والوں کی ....

(ب) چراغوں کی ہر اک دُکاں میں بہار ہورہی ہے ....

(ج) چراغوں کی ہر اک دُکاں میں بہار ہو رہی ہے ....

(د) دوالی کا مزا کسی کے دل کو خوش لگا ....

7. نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے

جلا	اُجالا	ادھار	بہار	خوشی	زیادہ

© NCERT not to be republished

8. پچھلے اَسباق میں آپ اِسم کی تعریف پڑھ چکے ہیں۔ اس کی مدد سے اس نظم سے پانچ اِسم تلاش کر کے لکھیے

- ....
- ....
- ....
- ....
- ....

9. مختلف تہواروں کی تصاویر جمع کر کے کاپی میں چپکائیے

10. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

سماں	....	....	....	....	....
خوش	....	....	....	....	....
تہوار	....	....	....	....	....
بتاشوں	....	....	....	....	....
چراغوں	....	....	....	....	....
مٹھائیوں	....	....	....	....	....

© NCERT not to be republished